© rasailojaraid.com

## (۲)

نام کتاب : اشاریہ ماہنامہ برہان دہلی

مرتب : محمد شاہد حنیف (mshanif2010@gmail.com)

ضخامت: 372 صفحات قیمت:800روپے

ملنے کا پتا: کتاب سرائے' اردو بازار' لاہور

ماہنامہ برہان ندوۃ المصنفین کا علمی ترجمان ۱۹۳۸ء میں جاری ہوا۔ یہ اپنے عہد کا معیاری اور مقبول عام جریدہ رہا۔ مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی' مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی اور سعید احمد اکبر آبادی (رحمہم اللہ) جیسے مشاہیر اس رسالے کے معروف لکھاری تھے۔ مولانا سعید احمد اکبر آبادی ابتدا سے اپنی وفات تک اس کے مدیر رہے۔ یہ رسالہ اس قدر ہردلعزیز تھا کہ قارئین اس کی اگلی اشاعت کا انتظار کرتے تھے۔ مولانا سعید احمد اکبر آبادی چند قابل قدر اور تحقیقی کتابوں کے مصنف بھی تھے۔

کتابوں کی نسبت رسالوں کی اہمیت اس لحاظ سے زیادہ ہے کہ رسالے تاریخی یا مذہبی معلومات کے علاوہ حالات حاضرہ کے مسائل پر بھی اظہار رائے کرتے ہیں۔ چنانچہ کسی پرانے رسالے کو اٹھا کر دیکھیں تو اس سے اس وقت کے حالات اور ماحول کی تصویر سامنے آ جاتی ہے۔

جب علم کو وسعت ملی تو تحقیق کا جذبہ پیدا ہوا۔ اس جذبے کی آبیاری کے لیے پرانی تحریروں سے استفادہ ضروری ٹھہرا۔ گویا لوازماتِ تحقیق میں اشاریہ سازی کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اس ضرورت نے رسالوں کی اشاریہ سازی کو متعارف کرایا۔ اس طرح مصنف اور محقق کے لیے آسان ہو گیا کہ وہ تھوڑے وقت میں متعلقہ معلومات کے لیے پچھلے شائع شدہ رسالوں میں ضرورت کے مضامین سے فائدہ اٹھا لے اور اس کے لیے ضخیم کتابوں کا مطالعہ ضروری نہ رہے۔ چنانچہ بیشتر رسالوں کے اشاریے شائع ہو گئے۔

اشاریہ سازی میں شاہد حنیف کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ اب تک پچاس سے زائد رسائل کے اشاریے مرتب کر چکے ہیں۔ جن میں الحق اکوڑہ خٹک' محدث لاہور' الثقافۃ الاسلامیہ کراچی' ادبیات اسلام آباد' حکمت قرآن لاہور' میثاق لاہور' اور ترجمان القرآن لاہور کا ۸۲ سالہ اشاریہ بھی شامل ہیں۔

اشاریہ سازی میں محمد شاہد حنیف کا نام سند کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کا تیار کردہ اشاریہ جامعیت کے ساتھ حوالہ جات فراہم کرتا ہے۔ زیر تبصرہ اشاریہ موضوع وار بھی ہے اور مصنف وار بھی۔ اس سے اس کی افادیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

❁❁❁



© rasailojaraid.com